ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن و حدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:12
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:12

مرتبین
مولانا محمد عبدالواجد

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ بارہ مع درسِ حدیث

مرتب : مولانا محمد عبد الواجد

صفحات : 11

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء(ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا محمد عبد الواجد

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاءاللہ

خلاصہ پارہ بارہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

اچھے کام کیا کرو۔(پارہ:12،ھود:7)

نعمت ملنے پر اللہ پاک کا شکر آدا کرو۔(پارہ:12،ھود:11)

مصیبت پہنچنے پر صبر سے کام لو۔(پارہ:12،ھود:11)

اللہ پاک کے پاک کلام پر صدق دل سے ایمان لاؤ۔ (پارہ:12،ھود:17)

کثرت رزق اور حصول اولاد کے لیے استغفار کرو۔(پارہ:12،ھود:52)

اللہ پاک کی ہی عبادت کرو۔(پارہ:12،ھود:84)

اللہ کے سوا سارے باطل معبود تمہارے کوئی کام نہ آئے گے لہذا حقیقی معبود(اللہ)کی ہی عبادت کرو۔(پارہ:12،ھود:101)

آخرت کے عذاب سے اللہ سے ڈرو۔(پارہ:12،ھود:103)

اللہ کے دین پر ثابت قدم رہو۔(پارہ:12،ھود:112)

پنجگانہ نمازیں آداکرو۔(پارہ:12،ھود:114)

لوگوں کوزمین میں فساد کرنے سے منع کرو۔(پارہ:12،ھود:116)

اللہ کی عبادت کرواوراس پر بھروسہ رکھو۔(پارہ:12،ھود:123)

مصیبت کے وقت صبر سے کام لو اور اپنے معاملے کی اللہ سے مدد چاہو۔(پارہ:12،یوسف:18)

اللہ پاک کا مخلص بندہ بننے کے لیے برائی اور بے حیائی والے کاموں سے بچو۔(پارہ:یوسف:24)

اگر حق پر ہو تو ضرور اپنی برائت کا اظہار کرو اور حقیقت حال کو بیان کرو۔(پارہ:12،یوسف:26)

اپنے گناہوں کی رب تعالیٰ سے معافی مانگو۔(پارہ:12،یوسف:29)

اپنے نفس پر قابو پانے کے لیے اللہ پاک سے دعا کیا کرو۔(پارہ:12،یوسف:33)

:اللہ پاک کا ہر وقت شکر آداکیا کرو۔(پارہ:12،یوسف:38)

خواب کی تعبیر صالح عالم سے پوچھا کرو۔(پارہ:12،یوسف:36)

اللہ پاک کے عذاب سے بے خوف نہ ہو۔(پارہ:12،ھود:8)

اللہ پاک کی ناشکری نہ کرو۔(پارہ:12،ھود:9)

اللہ پاک پر جھوٹ باندھے والا سب سے بڑا ظالم ہے اس لیے جھوٹ نہ باندھو۔(پارہ:12،ھود:18)

اللہ کے سوا کسی کو نہ پوجو۔(پارہ:12،ھود:26)

ناپ،تول میں کمی نہ کرو۔(پارہ:12،ھود:84)

زمین میں فساد نہ پھیلاؤ۔(پارہ:12،ھود:85)

جس کام سے اللہ نے منع کیا وہ کام نہ کرو۔(پارہ:12،ھود:112)

ظالموں کی طرف نہ جھکو یعنی قلبی میلان نہ رکھو۔(پارہ:12،ھود:113)

دنیا کے عیش و عشرت کے پیچھے نہ پڑو۔(پارہ:12،ھود:116)

اپنا خواب ہر کسی کے سامنے بیان نہ کرو۔(پارہ:12،یوسف:5)

اعلیٰ ترین مقصد کے حصول کے لیے ناجائز ذریعہ اختیار نہ کرو۔(پارہ:12،یوسف:9)

کسی کے ساتھ خیانت نہ کرو۔(پارہ:12،یوسف:52

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شفاعت واجب ہو گئی

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ اَوْ سَأَلَ لِیَ الْوَسِیلَۃَ حَقَّتْ عَلَیْہِ شَفَاعَتِی یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

فرمان آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: "جس نے مجھ پر ایک بار درود شریف پڑھا یا اللہ پاک کی بارگاہ میں میرے لئے وسیلے کی دُعا کی بروزِ قیامت اُس پر میری شفاعت ثابت ہو گئی۔" (فضل الصلوٰۃ علی النبی للقاضی اسماعیل بن اسحاق الازدی، ص147، حدیث:50)

اہلِ عرب سے محبت

اَحِبُّوا الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ لِاَنِّیْ عَرَبِیٌّ وَالْقُرْاٰنُ عَرَبِیٌّ وَلِسَانُ اَھْلِ الْجَنَّۃِ عَرَبِیَّۃٌ

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم: تین باتوں کے سبب عرب

سے محبت کرو کہ میں عربی ہوں اور قرآن عربی ہے اور جنتیوں کی زبان بھی عربی ہے۔(مستدرک،5/117،حدیث:7081)

شرحِ حدیث:عرب سے مراد عرب کے مؤمنین ہیں۔ مؤمنین عرب ہمارے سروں کے تاج ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے پڑوسی ہیں۔یہاں مرقات میں فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم عربی، قرآن مجید عربی، جنتیوں کی زبان عربی،قبر کا حساب عربی زبان میں ہے، عربی زبان تمام زبانوں سے زیادہ فصیح زیادہ مختصر ہے،اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دوزخیوں کی عربی زبان نہیں ہوگی،یہ بھی معلوم ہوا کہ قرآن وہ ہے جو عربی میں ہے،اس کے ترجمے قرآن نہیں نہ ان کی تلاوت نماز میں درست، حضرتِ جبریل علیہ السلام نے جو قرآن حضور کو سنایا وہ عربی تھا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ مرتے ہی سب کی زبان عربی ہوجاتی ہے اس لیے قبر و حشر کے سارے کاروبار عربی میں ہوں گے،اہلِ جنت کی زبان عربی ہی رہتی ہے۔(مِراٰۃ المناجیح،8/333)

مَنْ صَلّٰی اَرْبَعَ رَكُعَاتٍ قَبْلَ الْعَصْرِ حَرَّمَ اللهُ بَدَنَهٗ عَلَى النَّارِ (معجم کبیر، 23/281، حدیث:611)

فرمانِ مصطفے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم: جو عصر سے پہلے چار رکعتیں (یعنی عصر کی سنتیں) پڑھے، اللہ پاک اس کے بدن کو آگ پر حرام فرمادے گا۔

مزید دو احادیثِ مبارکہ میں ان چار رکعات کے پڑھنے والے کے لئے نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے رحمت کی دعا اور اس کے بدن کے آگ پر حرام ہونے کو بیان فرمایا ہے۔ (الفتح الربانی، 4/204)

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں | علم بھی پھیلائیں | روزگار بھی پائیں

قرآن کورسز کیسے کروائیں؟
(15 کورسز کروانے کی تربیت و نصاب)

حدیث کورسز کیسے کروائیں؟
(19 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

تعلیمات قرآن و حدیث کورس کیسے کروائیں؟
(کورسز اور کتابوں کی نشاندہی)

سیرت کورسز کیسے کروائیں؟
(14 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

انسٹیٹیوٹ چلانے میں معاون 100 سے زائد اہم ترین نکات پر لیکچر ہوں گے۔

- آن لائن اداروں کی ضرورت و اہمیت
- آن لائن کورسز کیوں اور کیسے کروائیں؟
- آن لائن ادارے کامیاب کرنے کی ٹپس
- آن لائن کورسز اور مالی دھوکے بازیاں
- آن لائن کورسز کے سرٹیفکیٹ کیسے دیں؟
- قرآن، حدیث اور دیگر کورسز بنانے کی ٹریننگ
- کورسز کی سلائیڈز کے لیے پاور پوائنٹ کی ٹریننگ
- درسِ نظامی والے کون سے کورسز کروائیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری کمپیوٹر ٹریننگ
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری موبائل ٹریننگ
- زوم پر کلاس اور ریکارڈنگ کا طریقہ
- انسٹیٹیوٹ کو اہل علم میں کیسے متعارف کروائیں؟
- بیرونِ ملک سے فیس کیسے منگوائیں؟

رجسٹریشن کی آخری تاریخ
9 مارچ 2025

داخلہ کی تفصیل

10 تا 20 مارچ 2025

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: 500 روپے | ہندوستان: 300 روپے

کلاس کی تفصیل

روزانہ واٹس اپ پر ریکارڈنگ بھیجی جائے گی

اپنی سہولت سے کسی بھی وقت ویڈیوز دیکھیں

ہر طرح کا سوال کرنے کی اجازت | اختتام پر سرٹیفکیٹ

داخلہ لینے والوں کو 100 تحقیقی کورسز کی ریکارڈنگ فری ملے گی

مدرس

استاذ التحقیق والتصنیف علامہ راشد علی مدنی
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق و تصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب وطُرق پر مشتمل پہلی جامع و ضخیم تصنیف (متن حدیث و سیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمدللہ

تربیت و تفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد لله علی ذلک

کتاب کے ابواب اور خاصیات

- تعلیم و تعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم
- رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی تربیت و تفہیم کے ثمرات و نتائج
- رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے جامع اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے متفرق اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کا سوالیہ اسلوبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے جوابی اسالیبِ تربیت و تفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

تربیت و تفہیم کے 212 نبوی اسالیب

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی و تصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم پر ہزاروں کتب و مقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری صرف 600 روپے

ہادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

+92312-6392663

بکنگ کے لیے کتاب لکھ کر واٹس اپ کیجیے